This project is funded by the European Union

# Growth for Rural Advancement and Sustainable Progress (GRASP)

## 4th Cycle Matching Grant for Horticulture and Livestock businesses in Districts: Kech and Panjgur

گروتھ فور رورل ایڈوانسمنٹ اینڈ سسٹین ایبل پروگریس(GRASP)یورین یونین کے مالی تعاون سے جاری ایک ساڑھے پانچ سالہ منصوبہ ہے۔ اس منصوبے پر عمل درآمد انٹر نیشنل ٹریڈ سینٹر (ITC)کی جانب سے فوڈ اینڈ اگریکلچر آرگنائزیشن(FAO)اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ(PPAF)کے اشتراک سے کیا جارہاہے۔ گراسپ کا مجموعی مقصد پاکستان کے دیہی علاقوں میں غربت میں کمی اور پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کے لئے کام کرنا ہے۔ منصوبے کے مطلوبہ اہداف بلوچستان کے 02 اضلاع(کیچ اور پنجگور) میں مندرجہ ذیل چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار(SMEs)کی پیداواری صلاحیت، فروخت / مارکیٹنگ، منصوعات وخدمات میں جدت اور منافع میں اضافہ ہے۔

## کیٹگری 1 - پچیس اور پچاس لاکھ روپے

### اھلیت کے لازمی شرائط

1. اس زمرہ میں خواتین، اقلیتوں، معذور افراد اور خواجہ سراہ کو ترجیح دی جائیگی۔
2. میچنگ گرانٹ کی نقد شراکت کے لئے کم از کم تناسب 20٪ ہے۔
3. درخواست دہندہ کے شناختی کارڈ پر موجودہ یا مستقل پتہ GRASP بلوچستان کے منتخب کردہ اضلاع(تربت اور پنجگور) سے ہونا لازمی ہے۔
4. درخواست گزار کی عمر کم سے کم 18 سال ہو۔
5. موجودہ سرکاری ملازم اہل نہیں ہیں۔
6. ایسے درخواست گذار جو بنیادی کاشت کار کے طور پر منصوبے جمع کرائینگے (جن کے پاس 6 ایکڑ سے زیادہ زمین اراضی (ملکیت یا کم از کم 5 سال کے لیئے کرائے) پر موجود ہو وہ زمین کے کاغذات یا کرایانامہ قبضے کے ثبوت کے طور پر جمع کروائیں۔
7. سالانہ فروخت اس زمرے کے لیئے 20 لاکھ سے 2 کروڑ روپے تک ہونی چاہیئے۔
8. ملازمین کی تعداد 5 تا 100 افراد تک ہو جس میں ملازمین کی تنخواہ کی سلپ اور حاضری شیٹ بزنس پلان کے ساتھ منسلک ہو۔
9. کاروبار کو لازمی طور پر مجاز سرکاری اداروں جیسے کے سیکیورٹیز ایکس چینج کمیشن آف پاکستان(SECP)، چھوٹی صنعتوں کا کوئی ادارہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو(FBR)، یا کوئی بھی متعلقہ سرکاری ادارہ کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا چاہیے۔
10. پچھلے تین سال کا مالیاتی آڈٹ رپورٹ جمع کرنا ضروری ہے۔
11. کاروبار یا مالک کا کاروباری بینک اکائونٹ اسٹیٹمنٹ سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ منسلک ہو۔
12. درخواست دہندہ کا اپنے کاروبار میں کم از کم 3 سال کا تجربہ ہوا۔
13. کاروبار کے پاس کسی بھی قسم کے کاروباری اکائونٹس ریکارڈ کھاتا یا مالیات ریکارڈ رکھنے کا نظام / ثبوت ہونا چاہیے جسے جانچ پڑتال کے مرحلے پر چیک کیا جائے گا۔ میچنگ گرانٹ GRASP کے منتخب کردہ اضلاع ہونی چاہیے۔
14. کاروبار کا(SME Data Form) درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔
15. مال مویشی کے کاروبار میں گرین ٹیکٹالوجی سے وابستہ کاروبار کو اہمیت دی جائے گی۔

| درخواستیں درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ |
|---|
| محراب بلوچ، ریجنل منیجر SPO تربت<br>پتہ:SPO آفس پسنی روڑ تربت<br>موبائل نمبر:0335-3416664<br>فون نمبر:0852418105<br>ای میل:mehrab@spopk.org |

## بلوچستان کے لئے شعبہ جات: کھجور، پیاز، زیتون، انگور، مرغ بانی، بھیڑ بکری سے متعلق کاروبار

اشتہار ھذا کے ذریعے SPO / PPAF زراعت (سبزی جات اور باغبانی) اور ناک مویشی بشمول فارمنگ کے کاروباروں سے منسلک مرد و خواتین کسان / پروڈیوسرز، کاشتکار، چھوٹے درجے کے کاروباری (پروسیسرز، ریٹیلر، خدمات فراہم کرنے والے وغیرہ وغیرہ)، نوجوانان، اقلیتی، معذور افراد (جو اپنا کاروبار بڑھانا چاہتے ہیں یا کئی سالوں سے کاروبار کر رہے ہیں) خواجہ سراہ اور سرمایہ کار وغیرہ جو اپنے کاروبار میں مالی شراکت اور دیگر انتخاب کے معیارات پر پورا اتریں، ان سے میچنگ گرانٹس کیلئے جدید اور تخلیقی آئیڈیاز پر مبنی ویلیو ایڈیشن اور تنوع(Diversification) کے بنیاد پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

## کیٹگری 2-ایک کروڑ اور دو کروڑ روپے

### اھلیت کے لازمی شرائط

1. میچنگ گرانٹ کی نقد شراکت کے لئے کم از کم تناسب 30٪ ہے۔
2. درخواست دہندہ کے شناختی کارڈ پر موجودہ یا مستقل پتہ GRASP بلوچستان کے منتخب کردہ اضلاع(تربت اور پنجگور) سے ہونا لازمی ہے۔
3. درخواست گزار کی عمر کم سے کم 18 سال ہو۔
4. موجودہ سرکاری ملازم اہل نہیں ہیں۔
5. وہ کسان (جن کے پاس 6 ایکڑ سے زیادہ زمین اراضی (ملکیت یا کم از کم 5 سال کے لئے کرانے) پر موجود ہو وہ زمین کے کاغذات یا کرایا نامہ قبضے کے ثبوت کے طور پر جمع کرائیں۔
6. سالانہ فروخت اس زمرے کے لیئے 1 کروڑ سے 80 کروڑ روپے تک ہونی چاہیئے۔
7. ملازمین کی تعداد 5 تا 100 افراد تک ہو جس میں ملازمین کی تنخواہ کی سلپ تنخواہ اور رجسٹر اور حاضری شیٹ بزنس پلان کے ساتھ منسلک ہو۔
8. کاروبار کو لازمی طور پر مجاز سرکاری اداروں جیسے کہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان(SECP)، چھوٹی صنعتوں کا کوئی ادارہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو(FBR)، یا کوئی بھی متعلقہ سرکاری ادارہ کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا چاہیے۔
9. پچھلے تین سال کا مالیاتی آڈٹ جمع کرانا ضروری ہے۔
10. کاروبار یا مالک کا کاروباری بینک اکائونٹ اسٹیٹمنٹس سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ منسلک ہو۔
11. درخواست دہندہ کا اپنے کاروبار میں کم از کم 3 سال کا تجربہ ہو۔
12. کاروبار کے پاس کسی بھی قسم کے کاروباری اکائونٹس بک کیپنگ، ریکارڈ کھاتہ یا مالیاتی ریکارڈ رکھنے کا نظام / ثبوت ہونا چاہیے۔
13. کاروبار کا ڈیٹا فارم(SME Data Form) درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔
14. مال مویشی کے کاروبار میں گرین ٹیکنالوجی سے وابسہ کاروبار کو اہمیت دی جائے گی۔

### نوٹ:

1. کاروباری افراد جس نے SUCCESS،PAIDAR،UNIDO،BRACE پروجیکٹ سے فائدہ حاصل کرنے والے افراد بھی درخواست کے لیئے اہل ہونگے۔
2. جن کاروباری افراد کی درخواست میچنگ گرانٹ کے پہلے، دوسرے اور تیسرے مرحلے کے دوران مسترد ہو گئی تھی، وہ بھی درخواست کے لیئے اہل ہوں گے۔
3. کاروباری افراد جو ایف ایم سی، کوآپریٹیوز اور تنظیموں کے ساتھ تمام ویلیو چینز میں کام کر رہے ہیں، وہ بھی درخواست کے لیئے اہل ہوں گے۔
4. رجسٹرڈ ایف ایم سی، کوآپریٹیوز، کاروباری گروپس اور تنظیمیں جو تمام ویلیو چینز میں کام کر رہی ہیں، وہ بی درخواست کے لیئے اہل ہونگے۔
5. ڈپلیکیٹ نامکمل یا نقل شدہ درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔
6. اگر دو درخواست دہندگان کے درمیان حاصل کردہ نمبروں کی برابری ہو جائے تو خواتین، معذور افراد نوجوانوں، GRASP کی منتخب یوسی اور اضلاع کو ترجیح دی جائے گی۔

میچنگ گرانٹ کی درخواست پی پی اے ایف کی ویب سائٹ اور ذیل میں دی گئی ویب سائٹس سے حاصل کی جاسکتی ہے۔www.ppaf.or.pk

**درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مارچ 2025 ہے۔**

مجوزہ فارم پُر کر کے ضروری دستاویز کے ساتھ بند لفافے میں ضلعی دفتر اور ہیڈ آفیس میں جمع کرواسکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیئے خواہش مند افراد پی پی اے ایف کے شراکت دار ادارہ SPO کے ضلعی دفتر اور ہیڈ آفیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔